Mr. Speaker : Before I permit this amendment, I would like to clarify the position. It is stated in the Bill " Secretary means an officer appointed by the Board to act as such for transacting the business of the Board." The hon. Member wants that the Secretary should be appointed by the Government and not by the Board. Then the definition of Secretary should also be there in the amendment. I have not received such an amendment.

Shri B. Ramakrishna Rao : The word Secretary has not been defined.

Mr. Speaker : " All communications and orders of the Board shall be issued by the Secretary ",

شری کے - وینکٹ رام راؤ- سکرٹری کا جو ڈیفینیشن ہے اسمیں کوئی امنڈ منٹ نہیں ہے تو پھر یہاں امنڈ منٹ کیسے آسکتا ہے -

مسٹر اسپیکر - جب آئیگا تب غورکیا جائیگا اسلئے ابھی اسکو میں کلاریفائی (Clarify) کرنا چاھتا ھوں - یہ گورنمنٹ مقرر کریگی اور اسکے بعد بورڈ خود اپنا

"for the State of Hyderabad, a board called the Land Improvement Board"

سکریٹری مقرر کریگا - اس امنڈمنٹ کا یہ منشا معلوم ھوتا ہے - اگر آپکو اسپر اصرار ہے کہ

The Govt. shall appoint the Board.

تو اس ترمیم کو لیا جاسکتا ہے ورنہ اس ترمیم کی ضرورت باقی نہیں رھتی -

Mr. Speaker: Does the hon. Member want to move the amendment.

Shri Manik chand Pahade: I do not wish to move my amendment.

Mr. Speaker: Let us take the second list.

Shri Annaji Rao Gavane: I beg to move:

"After para (*iv*) of sub-clause (1) of Clause 3 of the Bill, add the following para, namely—

"(*v*) Three members of the Hyderabad Legislative Assembly elected on the principle of proportional representation by means of the single transferable vote".

Mr. Speaker: Amendment moved.

Shri Gopal Rao: I beg to move:

for sub-clause (1) of Clause 3 of the Bill, substitute the following, namely—

"3 (1) The Government may constitute, in each District with the Collector, as Chairman, a Board consisting of the District Agricultural Officer, Divisional Forest Officer, District Engineer and four other members to be elected by the Local Board of the District concerned from amongst its members by the system of proportional representation."

Mr. Speaker: The amendment is almost the same as the main clause, except the proportional representation asked for here.

امنڈمنٹس ہمارے سامنے ہیں ۔ آنریبل ممبر مانک چند پہاڑے کے امنڈمنٹ کا دوسرے امنڈمنٹس سے مقابلہ کیا جائے تو اسمیں بعض چیزیں مشترک نکلتی ہیں ۔ بہرحال میں نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ہے اس سلسلہ میں چند باتیں عرض کرتا ہوں ۔ ایک چیز تو مسلمہ ہے کہ مقامی لوگوں کو ریپریزنٹیشن دیا جائیگا ۔ دفعہ ۴ کے تحت جب اسکیم تیار ہوجاتی ہے تو دفعہ ۴ ضمن ۲ کا اسٹیج آتا ہے ۔ ڈرافٹنگ کے اسٹیج پر بھی مقامی لوگوں کا تعاون عمل حاصل ہو اور وہ بھی ایسے لوگوں کا جو مقامی حالات کا علم رکھتے ہیں ۔ ہماری جانب سے آنریبل ممبر فرام دیورکنڈہ نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ہے اسکے تعلق سے یہ ہوگا کہ پانچ لوگوں پر مشتمل ایک ایسی اڈوائزری کمیٹی بنائی جائیگی جو ڈرافٹنگ آفیسر کو اڈوائس دیگی ۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مختلف طریقوں سے جو کمیٹیاں تشکیل دیجارہی ہیں انکی نوعیت مشاورتی ہے اسلئے اس امنڈمنٹ کے سلسلہ میں یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ہم کس ذریعہ سے مقامی لوگوں کے تجربات سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں انکی مشکلات کیسے حل کیجاسکتی ہیں اور انہیں کسطرح زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جاسکتا ہے اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس امنڈمنٹ کو اکسپٹ کرنا چاہئے ۔

اسکے بعد شری مانک چند پہاڑے کے امنڈمنٹ کا درجہ آتا ہے ۔ انکے امنڈمنٹ سے مقامی لوگ جو افکٹ ہوتے ہیں ان میں سے صرف ایک ہی شخص کو ریپریزنٹیشن کا حق دیا گیا ہے ۔ ممکن ہے کہ وہاں کا کوئی بڑا اور بااثر آدمی سلکٹ (Select) ہو لیکن وہ مختلف قسم کے انٹرسٹ رکھنے والے اشخاص کی نمائندگی نہیں کرسکتا ۔ اس لئے ایک سے زائد لوگوں کو لینے کی ضرورت ہے ۔ ہم نے اپنی پارٹی کی جانب سے جو امنڈمنٹ پیش کیا ہے اور جوامنڈمنٹ مانک چندپہاڑےصاحب نے پیش کیا ہے ان دونوں کے مقابلہ میں ویاسیڈیا کے طور پر شری انکشی راؤ گاڑ ہے کا امنڈمنٹ ہے جسمیں زراعت پیشہ طبقہ کے اشخاص کو ریپریزنٹیشن دیا گیا ہے ۔ اسکے بعد لیجسلیٹیو اسمبلی کے آنریبل ممبران جو متعلقہ ہیں انہیں ریپریزنٹیشن دیا گیا ہے ۔ ان تمام امنڈمنٹس کا مقابلہ کرنے کے بعد میں آنریبل چیف منسٹر سے یہ ونتی کرونگا کہ جب آپ اسکو زیادہ ڈیموکراٹک بنانا چاہتے ہیں تو سوائے اسکے اور کوئی چارہ نہیں ہے کہ اپوزیشن پارٹیز کی جانب سے جو امنڈمنٹس پیش کئے گئے ہیں قبول کرلیں ۔ ان امنڈمنٹس کو قبول کرنے کے بعد مزید غور کیا جاسکتا ہے ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ اب ٹائم ہوچکا ہے ۔ ریسس کے بعد آنریبل چیف منسٹر جواب دینگے ۔

The House then adjourned for recess till five Minutes Past Five of the Clock.

The House re-assembled till after recess at Five Minutes Past Five of the Clock.

[Mr. Speaker in the Chair.]

شری بی - رام کشن راؤ - مسٹر اسپیکر سر - کلاز (۴) کے تعلق سے جو امنڈمنٹس پیش ہوئے ہیں مووّر صاحبین نے انکے بارے میں کچھ اکسپلین کیا ہے - میں نے جہاں تک سمجھا ہے ان سارے امنڈمنٹس کا ایک ہی مقصد ہے وہ یہ کہ جو اسکیم پریپیر (Prepare) کیجائیگی اسکا کام گورنمنٹ آفیسر کے ذریعہ نہونا چاہئے بلکہ یہ کام ایک کمیٹی کے سپرد کیا جائے - اسکے لئے الگ الگ طریقوں سے امنڈمنٹس آئے ہیں - تین امنڈمنٹس ایسے ہیں جنکے ذریعہ یہ کہا گیا ہے کہ " اپوائینٹ این آفیسر " (Appoint an Officer) کی بجائے ,, کانسٹی ٹیوٹ اے کمیٹی " (Constitute a Committee) کے الفاظ آئیں - جیسا کہ میں نے اس سے پہلے بھی ابتدائی تقریر کے موقع پر کہا ہے مجھے اس اصول سے بالکل اتفاق ہے کہ اس قسم کی اسکیمات کو بنانے یا عمل میں لانے کیلئے پبلک کوآپریشن ضروری ہے - اور بغیر پبلک کوآپریشن کے یہ امپرومنٹس عمل میں نہیں لائے جاسکتے اور نہ قانون کا مقصد پورا ہوسکتا ہے - مجھے اس سے بالکل اتفاق ہے - جو امنڈمنٹس آئے ہیں ان سے میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ آنریبل ممبرس کے ذہن میں تھوڑی سی غلط فہمی ہے - میں پہلے وہ اوٹ لائین (Outline) بتلانا چاہتا ہوں جسکے تحت اس بل کے کلازس ہیں - کلاز (۳) میں " حیدرآباد لینڈ امپرومنٹ بورڈ " قائم کرنے کی ہمنے ایک تجویز رکھی ہے - ایک آنریبل ممبر نے یہ امنڈمنٹ رکھا ہے کہ اس میں سے " حیدر آباد " ڈیلیٹ کر کے ڈسٹرکٹ لینڈ امپرومنٹ بورڈ رکھنا چاہیئے - میں یہ واضح کردینا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد لینڈ امپرومنٹ بورڈ کے نام سے ایک سنٹرل بورڈ ہے - جس پر اس قانون کو عمل میں لانے کی پوری ذمہ داری رہیگی - بل میں یہ تجویز پیش کیگئی ہے کہ اس بورڈ کیلئے ۴ اراکین ہونگے جو سب کے سب آفیشلس رہینگے - اوریجنل بل میں ایسا ہے - اس کے بارے میں الگ امنڈمنٹس پیش ہوئے ہیں - ان پر میں اس وقت تبصرہ نہیں کرونگا - جس وقت کلاز ۳ پیش ہوگا اس وقت یہ مسئلہ زیر بحث آئیگا - آنریبل ممبرس جنہوں نے امنڈمنٹس پیش کئے ہیں انکا یہ تصور ہے کہ سنٹرل بورڈ میں نان آفیشل نمائندگی ہونی چاہئے - اس اصول سے بھی میں متفق ہوں - اس بارے میں جو امنڈمنٹس آئے ہیں میں ان پر بھی غور کرنے کیلئے تیار ہوں - کلاز ۴ کے تعلق سے مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ غالباً آنریبل ممبرس یہ سمجھ رہے ہیں کہ اس سنٹرل بورڈ کے تحت یا کسی اور طریقہ سے ہر ضلع میں ایک ایک بورڈ ہونا چاہئے - یہ اس نقشہ میں نہیں بتلایا گیا ہے جو اس بل میں ہے - واقعہ یہ ہے کہ الگ الگ ڈسٹرکٹ بورڈز ہر جگہ ہیں - ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹس کیلئے پلاننگ کمیٹیز ہیں - اس ضلع میں ترقیاتی کاموں کیلئے کیا کیا ہونا چاہئے اس بارے میں مشورہ دینے کیلئے کمیٹیز ہیں - وہ اپنا

کام کررہی ھیں - انہیں ری آرگنائیز بھی کیا جارھا ھے -کیونکہ پہلے جو پلاننگ بورڈز اور ڈسٹرکٹ کمیٹیز تھے وہ صرف پلاننگ کی حد تک تھے انکو ری آرگنائیز کرنے کی کوشش کیجانے والی ھے - یہ کمیٹیاں فائیو ایر پلان کو عمل میں لانے میں مدد دینے کا کام بھی انجام دینگی - عنقریب ھم اسکا اعلان کرنے والے ھیں - اس میں نان آفیشلس بھی لئے جارھے ھیں - اس سلسلہ میں میں اتنی وضاحت کرنا چاھتا ھوں کہ بل کے مارجنل نوٹ میں کلاز (۴) کے ساتھ یہ ھے کہ

Clause 4, marginal note : "Power of Board to direct preparation of Land Improvement Schemes".

یہ اسکیم بنانے کیلئے ھے - سب کلاز (۲) میں یہ ھے کہ

'appoint an officer'

کلاز (۴) کے سب کلاز (۱) میں یہ بتلایا گیا ھے کہ وہ بورڈ کیا کیا ڈائرکشنس دے سکتا ھے -

Clause 4 :

The Board may direct the preparation of a scheme for any area within its jurisdiction.

ان الفاظ پر آنریبل ممبرس غور کریں - اس کی غرض کیا ھے وہ سب کلاز میں بتلائی گئی ھے -

Clause 4 (1) The Board may direct the preparation of a scheme for any area within its jurisdiction to make provisions for any one or more of the following matters :—

(*i*) reclamation of waste, saline or water-logged land ;

(*ii*) maintenance and improvement of soil fertility ;

(*iii*) prevention of erosion of soil ;

(*iv*) making dry lands suitable for irrigation ;

(*v*) fixing of zones for different types of irrigation;

(*vi*) introduction of dry farming or mixed farm methods of cultivation ;

(*vii*) improvement in the methods of cultivation ;

(*viii*) prohibition or control of grazing or reservation of lands for pasture ;

(*ix*) planting and maintenance of trees and control of tree growth ;

(*x*) such other matters consistent with the objects of this Act as may be prescribed.

اگر آفیسر کو آپائنیٹ کرنے کی بجائے کمیٹی کو کنسٹی ٹیوٹ کیا جائے تو اسکی فنکشننگ (Functioning) ان سبجکٹس کے متعلق ہوگی جنکی صراحت میں نے کی ہے ۔ اگر آنریبل ممبرس غور کریں تو معلوم ہوگا کہ یہ سب ایسے ایٹمس (Items) ہیں جنکا کوئی تعلق محض اگریکلچرل امپرومنٹ سے نہیں ہے ۔ صرف بنڈنگ اسکیم (Bunding Scheme) کی حد تک نہیں ہے بلکہ

Reclamation of waste land; afforestation; maintenance and improvement of soil fertility.

یہ ساری چیزیں ایسی ہیں کہ ایک اکسپرٹ نالج (Expert Knowledge) رکھنے والا ہی اس بارے میں اسکیم تیار کرسکتا ہے ۔ یا ایسا آفیسر جو مقامی حالات سے واقف ہو ۔ اس لئے میں یہ عرض کررہا تھا کہ ڈسٹرکٹ بورڈ یا کمیٹی اس قانون کے تحت قائم نہوسکیگی ۔ کلاز (۴) کا مقصد یہ ہے کہ ایک پرٹیکولر اسکیم کے لئے ایک کمیٹی قائم ہوگی ۔ آنریبل ممبرس پر میں یہ واضح کردینا چاہتا ہوں کہ کلاز (۴) کے تحت ہر اسکیم کیلئے ایک کمیٹی قائم ہوگی ۔ اگر افارسٹیشن (Afforestation) کی اسکیم ہو تو اس میں فارسٹ آفیسر رہیگا یا فارسٹ سے متعلق اسپیشل نالج رکھنے والا کوئی اور آفیسر ہوگا ۔ فرض کیجئے افارسٹیشن اسکیم میں لوگوں کی زمینات متاثر ہورہی ہوں تو ایسی صورت میں افکٹڈ انٹرسٹس (Affected Interests) کا نمائندہ بھی اسمیں لیا جاسکتا ہے ۔ مگر یہ کہنا کہ اس میں ڈسٹرکٹ کا رپریزنٹیشن پورے طور پر رہے یا صرف اگریکلچرل انٹرسٹ رہے تو میں کہونگا کہ یہ اس دفعہ کی غرض و غایت کے خلاف ہے ۔

There will be a separate committee for every scheme and not for the district. It is not a committee intended for the district.

فرض کیجئے سہ سالہ ارریگیشن اسکیم ہو تو کمیٹی کا نام سہ سالہ ارریگیشن اسکیم کمیٹی رہیگا اور اس ایریا میں جنکے انٹرسٹس متاثر ہورہے ہوں یا جو لوگ اس میں مدد دے سکتے ہوں انکی کمیٹی ہوگی ۔ اگر یہ مقصد ہے کہ آفیسر کے ساتھ کچھ لوگ بھی اسوسی ایٹ (Associate) کریں تو اسکے لئے میں آنریبل ممبر شری مانک چند پہاڑے کا امنڈمنٹ قبول کرنے کیلئے تیار ہوں جس میں انہوں نے یہ سجھاؤ رکھا ہے ۔ انکا امنڈمنٹ یہ ہے ۔

"(*ii*) a person nominated by the Board from amongst the persons whose interests, in the opinion of the Board, may be affected by this scheme; and (*iii*) a person having special knowledge of the subject matter of the scheme."

ان تینوں کی ایک کمیٹی ہوگی یہ ایک ایسی کمیٹی ہوگی جو اس قانون کے کلاز ۴ کے مقصد کو پورا کرنے کیلئے بن سکتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اوریجنل بل (Original Bill) میں ہم نے جو الفاظ رکھے ہیں وہ خود کافی ہیں ۔ اگر یہ سمجھا

جارھا ھے کہ آفیسر کے ساتھ کچھ اور لوگوں کی بھی ضرورت ھے تو میرے خیال میں شری مانک چند پہاڑیے کا جو امنڈمنٹ ھے وہ کافی ھوگا کیونکہ اسکو قبول کرلیا جائے تو نان آفیشل ممبرس آجائینگے ۔ انہوں نے سجھاؤ دیا ھے کہ

"a person nominated by the Board from amongst the persons whose interests, in the opinion of the Board, may be affected by this scheme."

یعنی جو کوئی بھی اسکیم ھو بنڈنگ کی ھو یا مائینر اریگیشن کی اس سے جن لوگوں کے انٹرسٹس پر اثر پڑتا ھے انکو لینا چاھئے اور اکسپرٹس (Experts) کو لینا چاھیئے ۔ میرے خیال میں ایسی کمیٹی کافی ھوگی ۔ جس چیز پر ادھو راؤ صاحب نے زور دیا ھے وہ یہ ھے کہ اگریکلچر کے نمائندے ھونے چاھئیں ۔ میں مانتا ھوں کہ ایسی اسکیمات جو بنڈنگ یا سائلنگ (Soiling) سے متعلق ھونگی یا کیتاً اگریکلچرل امپرومنٹ کی اسکیم ھوگی تو حقیقت میں اگریکلچرسٹس اور انکے اسوسی ایشن کیلئے کوئی صورت نکل سکتی ھے تو مجھے کوئی عذر نہیں ھے لیکن جن اغراض کیلئے آفیسر یا کمیٹی کو مقرر کرنا مقصود ھے اگر چیکہ انکا سمبندھ اگریکلچرسٹس سے ھوتا ھے لیکن ایکچوول اگریکلچرسٹس سے ھمکو کوئی مدد نہیں ملیگی ۔ عوامی رائے معلوم کیجانا مقصود ھوتو اور بات ھے لیکن میں نہیں سمجھتا کہ خاص طور پر انکے نمائندے آکر کوئی قابل لحاظ مدد دے سکتے ھیں ۔ اسکے بعد بھی میں ایک پراویزو (Proviso) اضافہ کر کے ادھو راؤ صاحب کو اطمینان دلانے کیلئے تیار ھوں ۔ میں اس پراویزو کو اکسپٹ (Accept) کرنے کیلئے تیار ھوں جسکو امنڈمنٹ پر امنڈمنٹ سمجھا جائے ۔

"Provided that the Chairman may co-opt with the approval of the Collector, two agriculturists of the area concerned, if the scheme relates to agricultural improvements."

یعنی اگر کیول اگریکلچرل امپرومنٹ سے تعلق رکھنے والی اسکیم ھوتو ان تینوں کے ساتھ جنکی سوچنا شری مانک چند پہاڑیے نے دی ھے انکی اجازت دیجائے ۔

"Provided that the Chairman may co-opt with the approval of the Collector, two agriculturists of the area concerned,if the scheme relates to agricultural improvements."

اتنا پراویزو اگر اضافہ کریں تو اسکی ضمانت ھوجاتی ھے کہ جن اسکیمات کا تعلق اگریکلچرل امپرو منٹ سے ھو ان میں اگریکلچرسٹس کے نمائندوں کو شریک کر کے مدد لیجاسکتی ھے ۔ میں سمجھتا ھوں کہ اتنا کافی ھے ۔ ورنہ جو سجیشن اوس طرف سے دیا گیا ھے اوسکو قبول کرنے کا نتیجہ یہ ھوگا کہ وہ محض بحث مباحثہ کی کمیٹی ھوجائیگی حالانکہ وہ کمیٹی ایک ایسی بزنس کمیٹی (Business Committee) ھے جسکو اکسپرٹس (Experts)

کی حیثیت حاصل رهیگی - ایک اور امنڈمنٹ شری کے- اننت ریڈی نے دیا ھے وہ اس تصور
پر مبنی ھے کہ انکوائری آفیسر کو اڈوائس (Advice) دینے کیلئے ایک
کمیٹی مقرر کیجائے- یہ بالکل بے معنی بات ھے کیونکہ یہ کمیٹی پاور رکھتی ھے- اس کو
اسکیم بنانے کا پاور حاصل ھے -کوئی آبجکشنس آئیں تو انکو سنکر تصفیہ کرنے کا اختیار
اسکو حاصل رهیگا - اس کمیٹی میں ایکچوولی اگریکلچرسٹس رهکر کیا کام کرینگے - انکا
خیال ھے کہ اس کمیٹی میں تین اراکین کو رکھا جائے -یہ پیورلی اگریکلچرسٹس کی کمیٹی ہو-

شری اننت ریڈی - مطلب یہ ھے کہ چیرمن پر انتخاب کو نہ چھوڑ دیا جائے -

شری بی - رام کشن راؤ- ھاں تو یہ ٹھیک بات نہ ھو گی - چیرمن ڈپٹی کلکٹر کی
حیثیت کا عہدہ‌دار ھوگا - ایسے معاملات میں کلکٹر کے اپروول (Approval) کی
ضرورت ھے - اس بارے میں ،میں آگے چلکر کہونگا کہ یہ دوسرے تصور پر مبنی ھے - ھاؤز
نے محسوس کیا ھوگا کہ کمیٹی جیسی بنائی گئی اسکو جو اختیارات دئے گئے ھیں وہ اپنے
اسکیات کے بنانے کے بعد کلکٹر کے پاس بھیجیگی - کلکٹر اپنی رائے کے ساتھ بورڈ کو
بھیجیگا - اپنی رائے سے پہلے آبجکشنس طلب کریگا- دیہات میں اعلان کیا جائیگا - محض
جریدہ میں اعلان نہیں بلکہ ڈھل نوازی کے ذریعہ ھر گاؤں میں تشہیر کی جائیگی - اس
کے بعد آبجکشنس طلب کئے جائینگے - آبجکشنس کو سننے کا اختیار کمیٹی کو دیا جارھا
ھے پھر وہ اسکیم کلکٹر کے پاس جائیگی کلکٹر اپنی اوپینین کے ساتھ بورڈ کے پاس بھیجیگا -

In view of the objections raised or in view of the opinion of the Collector, the Board will modify the proposal or scheme or may not modify it.

اس طریقہ پر کچھ تغیر و تبدل کے ساتھ یا بلا تبدیلی کے منظوری دینے کا بورڈ ذمہ دار
ھوگا - بمبئی میں اسی قسم کا جو ایکٹ سنہ ۱۹۴۲ع کا ھے اس میں بھی نان آفیشل ممبرس
سے متعلق اس طرح کا پراویزو نہیں ھے - میں سمجھتا ھوں کہ ھم گیارہ برس آگے بڑھگئے
ھیں - نان آفیشلس کے کواپریشن کی ضرورت کو ھم بھی محسوس کرتے ھیں - جب ایک
اسٹاٹیوٹری باڈی (Statutory Body) بنارھے ھیں تو اسکی کارکردگی میں کمی
نہ ھونی چاھئے-جب ایک پاور فل اگزیکیٹیو باڈی (Powerful Executive Body)
ھم بنارھے ھیں تو اسکو اگزیکیٹیو اختیارات ملنے چاھئیں - البتہ دوسرے امنڈمنٹ میں
یہ ھے کہ

Within the terms of this Act........

جب اسکیم پریپیر (Prepare) ھوجائیگی تو بعد میں بورڈ سے منظور ھوگی - اور
اسکو منظور کرنے کی ذمہ داری اس افسر پر ھو گی جو اس بورڈ کا ممبر ھوگا - کمیٹی پر
اگزیکیوشن کی ذمہ داری نہیں لگائی جاسکتی - کام کرنے کا ذمہ دار ایک افسر رهتا ھے

طریقہ یہی ہے کارپوریشن اور بورڈس جو ہوتے ہیں وہ بھی اپنی طرف سے کسی افسر کو مقرر کرتے ہیں - چیرمن جو ہوگا وہ اگزیکیٹیو افسر سمجھا جائیگا وہی آرڈر اگزیکیوٹ (Execute) کریگا - اسبارے میں جو امنڈمنٹ آئیگا میں اسکو قبول کرنے کیلئے تیار ہوں - اسطرح غیرسرکاری لوگوں کی اسمیں کافی شرکت ہوجائیگی - جو امنڈمنٹس پیش ہوئے ہیں ان میں شری مانک چند پہاڑے کا ایک امنڈمنٹ ہے جسمیں انہوں نے کہا ہے کہ

" In line 2 of sub-clause (2) of Clause 4 of the Bill, for the words ' an officer ' substitute the following words, namely :- a ' Committee '.

اس میں تھوڑی سی لفظی غلطی معلوم ہورہی ہے - اسمیں . . . .

Instead of ' appoint an Officer ' it should be ' constitute a Committee '. We may say ' appoint a Committee ' also but ' constitute a Committee ' is a better wording.

" اپوائینٹ " کا لفظ بھی استعمال ہوسکتا ہے لیکن " کانسٹیٹیوٹ اے کمیٹی " زیادہ بہتر ہوگا -

میں شری اننت ریڈی کے امنڈمنٹ کو زیادہ پسند کرتا ہوں - اس میں سے صرف لفظ " ڈسٹرکٹ " نکالدیا جائے تو انکے امنڈمنٹ کو میں ان الفاظ کے ساتھ قبول کرنے کیلئے تیار ہوں - یعنی کانسٹیٹیوٹ اے لینڈ امپروومنٹ کمیٹی "

' constitute a Land Improvement Committee '.

نمبر (۳) پر شری مانک چند پہاڑے کا امنڈمنٹ ہے -

" At the end of Clause 4 of the Bill, add the following sub-clause, namely—

'(3) The Committee shall consist of : (*i*) an Officer of the Government ; (*ii*) a person nominated by the Board from amongst the persons whose interests, in the opinion of the Board, may be affected by this scheme ; and (*iii*) a person having special knowledge of the subject matter of the scheme."

اسکے ساتھ میں ایک پراویزو کو جوڑنے کیلئے تیار ہوں تاکہ شری ادھو راؤ بھی مطمئن ہوجائیں - وہ یہ کہ

" Provided that the Chairman may co-opt with the approval of the Collector, two agriculturists of the area concerned, if the scheme relates to agricultural improvements."

اگر یہ پراویژو ایڈ (Add) کرلیا جائے تو انکا آبجکشن بھی رفع ہوجائیگا ۔

شری کے ۔ اننت ریڈی کی دوسری ترمیم جو نمبر ۴ پر ہے وہ یہ ہے کہ

" At the end of Clause 4 of the Bill, add the following new clause namely—

' 4A. The District Land Improvement Committee shall consist of the following members :

(a) to (*d*)

(*e*) All the district members of the Hyderabad Legislative Assembly'. "

میں اسکو سویکار کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں کیونکہ اس کا نقشہ جداگانہ ہے ۔ میں اسکو قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں ۔ اس کلاز کی نسبت ایک دوسرا بھی امنڈمنٹ ہے ۔

کلاز نمبر (۴) میں شری انکوشن راؤ کے امنڈمنٹ کو میں نے دوسرے الفاظ میں قبول کیا ہے ۔ شری کے ۔ اننت رام راؤ کی ترمیم یہ ہے ۔

' The Inquiry Officer shall be assisted by an Advisory Committee consisting of 5 or more persons.

جیسا کہ میں نے کہا یہ اس تصور پر مبنی ہے کہ اسکیم بنانے والا آفیسر کوئی الگ ہوگا ۔ پہلے یہ تھا کہ ایک انکوائری آفیسر اور ایک اگزیکیٹیو آفیسر یہ دو ناموں کا ڈیفنیشن (Definition) ہم نے رکھا تھا ۔ انکوائری آفیسر آبجکشنس کے لئے مقرر ہوگا ۔

شری کے ۔ اننت رام راؤ ۔ ٹائپ کی غلطی سے اپائنٹڈ آفیسر کی بجائے انکوائری آفیسر لکھا گیا ہے ۔

شری بی ۔ رام کشن راؤ ۔ اگر اپائنٹڈ آفیسر ہوتو بھی اسکو اڈوائزری کمیٹی کو اسسٹ (Assist) کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی ۔ اسواسطے کہ یہ خیال تو ہورہا ہے کہ آفیسر اکیلا ہوتو اسکی بہت کم گنجائش ہے کہ اسکے لئے ایک اڈوائزری کمیٹی بنائی جائے ۔ جب ہم خود کمیٹی مقرر کررہے ہیں اور اس کمیٹی میں انٹرسٹس افکٹڈ (Interests affected) کے نمائندے ۔ اکسپرٹس (Experts) اگریکلچرل امپرومنٹ کی اسکیمیں بنانے والے اور خود اگریکلچرسٹس کے نمائندے رہینگے تو پھر اس اڈوائزری کمیٹی کی ضرورت نہیں رہتی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر خود بھی اس کو محسوس کرینگے کہ ایسی صورت میں اس امنڈمنٹ کی اوشکتا ([illegible]) نہیں رہتی اور وہ غیر ضروری ہوجاتی ہے ۔ اسکے بعد شری ادھو راؤ پٹیل کا امنڈمنٹ ہے ۔ اسکی جو اہمیت ہے اور انہوں نے اس میں جس چیز پر زور دیا ہے وہ یہ

Shri Gopal Rao : That clause is for the whole State of Hyderabad. Here each District is to have a Board.

Mr. Speaker : Amendment moved :

Shri Annaji Rao Gavane (Parbhani) *:* I beg to move :

(*a*) In line 1 of sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill, for the word "may" substitute the word "shall"

(*b*) At the end of sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill, add the following proviso, namely—

"Provided that the person so co-opted shall be a self cultivator of land".

Mr. Speaker : Amendment moved :

Now, what about the number of such co-opted persons. The amendment of Shri Pahade reads as at the end of sub-clause (2) of clause 3 of the Bill, the following words shall be added. namely,—

"but the number of such co-opted persons shall not exceed two at a time".

The sub-clause, as it stands, reads :

"The Government may, from time to time, on the advice of the Board, co-opt any other person to be a member of the Board'.

Shri Manikchand Pahade : 'Any other person' occurring in the sub-clause cannot be taken to mean two persons. So, I do not want to move the amendment standing in my name.

Mr. Speaker : All amendments to Clause 3 are moved. Now Shri Manikchand Pahade can speak on his amendments and also on those moved by the other hon. members, to Clause 3 of the Bill.

श्री. माणिकचंद पहाडे: माननीय अध्यक्ष महोदय, मैंने क्लाज तीन में जो संशोधन लाये हैं अुसमें खास संशोधन यह है कि गव्हर्नमेंट जो बोर्ड कायम करना चाहती है अुसमें ऑफिशियल मेंबर्स चार लिये गये है। यह काम खाली गव्हर्नमेंट के ऑफिसर्स से होने वाला है नहीं मानता हूं। जिस लिये मैं चाहता हूं कि अिस कमिटी में और तीन लोग दाखिल किये जाय जो जनता के प्रतिनिधि हों।

अिस लिये अिस बोर्ड में तीन लोग शरीक करने चाहिये। अब तो जमाना बदल गया है और अिसी लिये गव्हर्नमेंट को भी अब अपना नुक्तेनजर बदलना चाहिये। सिर्फ ऑफिसर अैसी कमेटी में रहें और वे जनता की भलाअी कर सकते हैं अैसा मानना आज के लिहाज से ठीक न होगा। अब तो जनता के प्रतिनिधित्व को माना जाना चाहिये। अिस लिये मैंने अिस बोर्डमें तीन बाहर के लोगों को दाखिल करने के लिये संशोधन पेश किया है। यह तीन लोग नॉन ऑफिशियल होने चाहियें। मैं समझता हूं कि और भी ऑनरेबल मेंबर्स ने जो संशोधन लाये हैं वह भी अिसी तरह के हैं। अिसलिये अुनका मेरे अिस अमेंडमेंट को कोअी विरोध नहीं होगा। सिर्फ यह मेंबर्स किस यह अेक सवाल हो सकता है जिसके बारे में में ज्यादा जोर देना नहीं चाहता हूं। लेकिन बात है कि तरह से लिये जायं कि जो तीन मेंबर्स लिये जायेंगे वह जनता के प्रतिनिधि होना लाजमी है। मैं अिसके बारे में यह बात रखना चाहता हूं कि अिसी असेंब्ली का अेक अिलेक्टोरल कॉलेज रहे और असेंब्ली में से ही यह तीन लोग चुनकर लिये जाय। जिसके लिये पूरे स्टेट में चुनाव करके खर्च बढ़ाने के बजाय यदि असेंब्ली से अिनको चुना जाता है तो अुसमें तो पूरे स्टेट का रिप्रेझेंटेशन आता है। क्योंकि असेंब्ली में जो चुनकर आये हैं वह तो जनता के ही प्रतिनिधि हैं तो यहां से अिस बोर्ड जो प्रतिपर जो लोग चुनकर जायेंगे वह तो जनता के प्रतिनिधि ही माने जायेंगे। तो अिस तरह जनता के प्रति निधि चुनकर आयेंगे वे ही जनता की ज्यादा भलाअी कर सकेंगे। सिर्फ ऑफिसर से यह काम नहीं होने वाला है।

दूसरी अेक अॅमेंडमेंट श्री. गोपालराव साहब ने पेश की है। अुसका कहना है कि डिस्ट्रिक्ट बोर्ड बनाया जाय। मैं नहीं समझता कि अैसे अॅमेंडमेंट की कोअी जरूरत है। क्योंकि यहां पर तो हर अेक स्कीम के लिये अलग कमेटी होनेवाली है। तो अैसे हालत में डिस्ट्रिक्ट कमेटी बनाने की कोअी जरूरत नहीं है। अिस लिये श्री. गोपालराव साहब के अॅमेंडमेंट की कोअी जरूरत नहीं है।

और जो अमेंडमेंट है वह मेरे पहले किये गये अॅमेंडमेंट में सब आ जाती है। अेक अॅमेंडमेंट में सिर्फ सेल्फ कलटिव्हेटर को अिस बोर्ड में को ऑप्ट करने के लिये कहा गया है। मैं समझता हूं कि अिसमें सिर्फ सेल्फ कलटिव्हेटर को लिया जाय यह बात तो ठीक नहीं है। स्कीम्स को चलानेके लिये दूसरे लोगों को भी कोऑप्ट करने की जरूरत होती है। यदि यह अमेंडमेंट मान ली जाय तो फिर अिस बात की गुंजायश नहीं रहती है। यदि कोअी अैसी स्कीम बनाअी जाती है जिसमें दूसरे लोगों को कोऑप्ट करनेकी जरूरत हो वैसी गुंजायश रहनी चाहिये। अिस बोर्ड में अॅग्रीकल्चरिस्ट या सेल्फ कल्टीव्हेटर ही सिर्फ रहे यह नहीं हो सकता है। अिस अॅमेंडमेंट के जरिये सिर्फ अॅग्रीकल्चरिस्ट कोही बोर्ड में लेने के लिये कहा जा रहा है। अैसे बोर्ड में सेल्फ कलटिव्हेटर या सिर्फ अॅग्रीकल्चरिस्ट लेने से ज्यादा फायदा नहीं होनेवाला है क्योंकि स्कीम्स बनाने में अुनको कुछ ज्यादा मदत होगी अैसी बात नहीं है। अुनके सिलसिले में अगर कोअी स्कीम हो तो अुसमें सेल्फ कलटिव्हेटर कोलिया सकता है। यदि कोअी दूसरी स्कीम हो तो बोर्ड दूसरे लोगों को भी कोऑप्ट कर सकता है। तो सिर्फ अग्रीकल्चरिस्ट को लेने की अॅमेंडमेंट ठीक नहीं है। अिसलिये मैंने जो संशोधन पेश किया है वही सबसे ज्यादा मौजू है। अुसको कबूल करके बाकी के अॅमेंडमेंटस् वापस लेमें तो ज्यादा अच्छा होगा।

شری اڈجی راؤ گوانے - مسٹر اسپیکر سر - کلاز (۳) میں میں نے جو امنڈ منٹ پیش کیا اور آنریبل ممبر شری مانک چند پہاڑے نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ھے دونوں میں صرف یہ فرق ھے کہ دونوں امنڈمنٹس کے ذریعہ ۳ ممبرس کا اضافہ چاھا جارھا ھے لیکن میں نے انکے الکشن کے پرنسپل کا اضافہ کیا ھے - میرا امنڈ منٹ یہ ھے کہ ان تین ممبرس کاالکشن پروپورشنل ریپریزنٹیشن(Proportional Representation)پر ھونا چاھئے - جہاں تک ھوسکے اس ھاؤس کے تین ایسے ممبرس چنے جائیں جو صرف میجارٹی سے تعلق رکھنے والے نہوں بلکہ وہ بھی ھوں جنہیں دوسرے لوگوں نے منتخب کیا ھے انہیں بھی اپنی نمائندگی کا موقع ملنا چاھئے -

میں نے جو دوسرا امنڈ منٹ دیا ھے وہ صرف اسکو کواپٹ کرنے کی حد تک ھے - جو سنٹرل بورڈ اسکیم تیار کرنے کیلئے ھوگا اس میں ھر ڈپارٹمنٹ کے اعلی عہدہ دار یعنی چیف انجینیر آف اریگیشن - چیف کنزرویٹر فارسٹس اور ڈائرکٹر آف اگریکلچر رھینگے - اگر آپ افارسٹیشن کی اسکیم لیں یا ٹینک بنانے یا ما ئیز اریگیشن کی اسکیم لیں یا لینڈ امپرومنٹ کی اسکیم ہی تو ان تینوں ڈپارٹمنٹس کے اعلی عہدہ دار اس کمیٹی میں رھینگے ریوینیو بورڈ کا ایک ممبر چیرمن کی حیثیت سے رھیگا - اور تین ممبرس ھونگے جو یہاں سے نمائندوں کی حیثیت سے جائینگے - موجودہ صورت میں ان تینوں کیلئے یہ لازمی نہیں کہ وہ سلف کلٹیویٹرس ھوں - گورنمنٹ اگر کسی لینڈ امپرومنٹ اسکیم کیلئے ضرورت سمجھے تو سلف کلٹیویٹر کو لے سکتی ھے - وہ اپنے تجربہ کے لحاظ سے نمائندگی کرینگے - ڈفیکلٹیز بتلائینگے - اور صحیح مشورہ دے سکینگے - اسلئے میں نے آخر میں یہ پراویژو ایڈ کرنے کیلئے امنڈمنٹ پیش کیا ھے کہ اسطرح گورنمنٹ جن ممبرس کو کواپٹ کریگی وہ سلف کلٹیویٹرس ھوں - اسطرح ھونے سے وہ آپ کے بورڈ میں حائل تو نہیں ھونگے زیادہ سے زیادہ مدد کرسکینگے - آنریبل چیف منسٹر نے کل اور آج کی تقریروں میں یہ کہا ھے جو سجھاؤ یہاں پیش کئے جائینگے انہیں وہ منظور کرنے کیلئے تیار ھیں - مجھے امید ھے کہ میں نے جو سجھاؤ ایک پرنسپل کے تحت پیش کیا ھے اسکو وہ قبول کرینگے -

شری گوپال راؤ - اسپیکر سر - میں نے جو امنڈمنٹ پیش کیا ھے اسکا مقصد یہ ھے کہ ھر ضلع کیلئے ایک علحدہ مقتدر بورڈ ھونا چاھئے - گورنمنٹ نے صرف ایک سنٹرل بورڈ قائم کرنے اور اسکو اختیارات دینے کی تجویز رکھی ھے - اسکے توسط سے کمیٹیاں بنینگی اور وہ لینڈ امپرومنٹ وغیرہ کے سلسلہ میں کام انجام دینگی - میرا امنڈمنٹ یہ ھے کہ ۱۶ ڈسٹرکٹس میں ۱۶ بورڈس ھوں - اور پورے اختیارات کے ساتھ ھوں - اس سے پہلے کل اور آج چیف منسٹر صاحب نے فرمایا کہ ھر ڈسٹرکٹ میں کمیٹیاں ھیں - لیکن وہ برابر کام نہیں کررھی ھیں - اسکے علاوہ وہ صرف اڈوائیزری بورڈس ھیں انہیں کوئی اختیارات نہیں ھیں کوئی قانونی امداد انہیں حاصل نہیں ھے :-

مسٹر اسپیکر - کلاز (۳) میں یہ بتلایا گیا ھے کہ :-

Clause 3: "The Government may, for the purpose of carrying out the provisions of this Act, constitute for the State of Hyderabad a Board called the Land Improvement Board......"

آپ آیا اس سنٹرل بورڈ کی ضرورت سمجھتے ہیں یا نہیں اسکی وضاحت کیجئے -

شری گوپال راؤ - اگر یہی ترمیم قبول کرلیجائے تو سنٹرل بورڈ کی ضرورت نہیں رہیگی - وہی اختیارات ڈسٹرکٹ بورڈز کو رہینگے - سکشن (۳) کے تحت جو (۱۰) سب کلازز ہیں انکا جو لینڈ امپرومنٹ سے تعلق ہے اسکے تحت ہر ڈسٹرکٹ میں بورڈز ہونا ضروری ہے - آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا کہ بڑے اسکیمس جیسے گوداوری ویلی اسکیم یا پورنا اسکیم ہے یا فائیو ایر پلان کو کیاری اوٹ کرنا ہے تو وہ اسکے تحت نہیں آئینگے - مگنڈ کانٹیویشن کے سلسلہ میں ایک جگہ اسکیم تیار ہوگی - ہر مقام پر ہونی چاہئے - اور پھر مجموعی حیثیت سے ریاست حیدرآباد کی زراعت کو ترقی دینے کی بھی ضرورت ہے - اس جانب اور اوس جانب کے آنریبل ممبرس اسکو مانتے ہیں - اسکے لئے ایک بورڈ قائم ہوگا جس میں چند عہدہ دار رہینگے - اور پیش کی ہوئی ترمیمات کے لحاظ سے ممکن ہے اس ہاؤس کے بھی تین آنریبل ممبرس اس میں شریک رہیں - لیکن اس سے ذمہ داری پوری نہیں ہوسکتی - کیونکہ دو چار اور اسکیم تیار ہوجائینگے - جیسے کمیونٹی پراجکٹ وغیرہ ہے -

یہ جو بورڈ قائم ہوگا وہ سال میں زیادہ سے زیادہ دو یا تین مرتبہ بیٹھ سکیگا اور زیادہ سے زیادہ میرا اندازہ یہ ہے کہ ایک لاکھ یا دیڑھ لاکھ ایکڑ کا رقبہ اسمیں آئیگا - ہماری ریاست میں کافی زمین ہے اسمیں ترقی کرنے کے کافی مواقع ہیں اور ضرورت ہے کہ بیکار پڑی ہوئی زمین کو کام میں لایا جائے - جو اسکیم بورڈ کی جانب سے لائی جانے والی ہے یا جہاں کہیں کوئی امپرومنٹ کیا جانے والا ہے ہر ضلع کے بورڈ سے ویسی ہی اسکیم بنائی جائیگی - یہ کمیٹیاں جو اضلاع میں بنیں گی اسکے تحت کام کرینگی - ضلع کے بورڈز چھوٹے چھوٹے اسکیم عمل میں لائینگے - اگر کل کے روز سنٹرل بورڈ کی طرف سے کوئی حکم جاری کیا جائے کہ کلٹیویشن اسطرح کیا جائے - دفعہ ۳ کے تحت کلٹیویشن کیلئے ہدایات دیجائیں تو ایسی صورت میں وہاں رعایا کا نقصان ہوگا - اسلئے مناسب ہوگا کہ سولہ ڈسٹرکٹس میں الگ الگ طور پر یہ بورڈ قائم ہوں - اس ایکٹ کے تحت جو اختیارات دئے جانے مقصود ہیں ان کو دئے جائیں - اس سنٹرل بورڈ میں ہاؤس کے چند ممبروں کو شریک کرکے گورنمنٹ اپنی ذمہ داری سے بری ہونا چاہتی ہے یہ ٹھیک بات نہیں ہے - حیدرآباد کی پیداوار کی کیا حالت ہے ؟ پروڈکشن گرتا جارہا ہے - ایسے حالات کی روک تھام کیلئے ہر ضلع پر یہ اسکیم عمل میں لانی چاہئیے - میں سمجھتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب کا تصور بڑے بڑے اسکیمات کی طرف جارہا ہے - اس بل میں یہ بتایا گیا ہے کہ معمولی اسکیمات عمل میں لائی جاسکتی ہیں -

Improvement in methods of cultivation.

یہ معمولی چیزیں ہیں - پرسنل کٹیویشن وغیرہ کی سہولت ہے - جہاں جہاں باؤلیاں ہوں - کنویں ہوں - نالے ہوں ان میں سے پمپنگ کے ذریعہ پانی نکالا جاسکتا ہے - اسطرح سے کافی ترقی کی جاسکتی ہے - معمولی طریقے پر ان اسکیمات پر عمل کیا جائے تو ترقی ہوسکتی ہے - سنٹرل بورڈ میں جو ممبر ہونگے وہ

Chief Engineer of Irrigation, Chief Conservator of Forests, Director of Agriculture and Member of the Revenue Board.

رہینگے - ان ڈسٹرکٹ بورڈز میں ہر ضلع کے ڈسٹرکٹ بورڈ کے چند ممبروں کو شریک کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ فائدہ مند ہوگا - یہ سنٹرل کمیٹی پورے ڈسٹرکٹس کے لئے اسکیم تیار کریگی تو میں سمجھتا ہوں کہ زیادہ سے زیادہ اسکے سال میں (۲ یا ۳) نشست ہوسکینگے اور وہ پورے اضلاع کیلئے اسکیم تیار کرے یہ ممکن نہیں ہے اسلئے میں یہ گزارش کرونگا کہ سولہ اضلاع کیلئے علحدہ علحدہ کمیٹیاں بنائی جانی چاہئیں تاکہ اسطرح کافی ترقی کیجاسکے -

شری بی - ڈی - دیشمکھ (بھوکردن - عام) - آنریبل ممبر نے دفعہ ۳ میں جو ترمیم پیش کی ہے اسکی تائید میں ہاؤز کے سامنے چند الفاظ پیش کرنا چاہتا ہوں - بات یہ ہے کہ لینڈ امپرومنٹ کا جو بل ہاؤز کے سامنے لایا گیا ہے ایک مستقل قسم کا قانون ہے فائیو ایر پلان یا ڈیولپمنٹ اسکیم کے تحت نہیں ہے - حیدرآباد میں اس نوعیت کا ایک چھوٹا سا قانون تھا لیکن اسکو عمل میں نہیں لایا گیا تھا - متصلہ صوبجات بمبئی مدراس یو پی وغیرہ میں اس قسم کا قانون موجود ہے - بمبئی پریسیڈنسی کا جو قانون سنہ ۱۹۴۲ع کا ہے اسکی رو سے ایسے ہی ڈسٹرکٹ بورڈ رکھے گئے ہیں مرکزی بورڈ نہیں ہیں بلکہ ہر ضلع کیلئے علحدہ علحدہ بورڈ ہیں - بمبئی کے ایکٹ کی دفعہ (۳) سے مقابلہ کریں تو معلوم ہوگا کہ وہاں ہر ضلع کیلئے علیحدہ بورڈ ہے - جو پلاننگ کمیٹی بنائی گئی ہے وہ اس پلان کی حد تک محدود رہتی ہے لیکن یہ ڈسٹرکٹ بورڈس جو لینڈ امپرومنٹ کی اغراض کیلئے قائم ہونگے وہ مقامی طور پر چھوٹے موٹے یوجناؤں کو لیکر انکو مکمل کرینگے - بمبئی نے بھی سنٹرل بورڈ نہیں بنایا بلکہ ہر ضلع کے لئے علحدہ علحدہ بورڈ بنائے گئے ہیں - کمیونٹی پراجکٹس کے قیام کے بعد بھی انہوں نے اضلاع کے ان بورڈس کو ختم نہیں کیا ہے - وہ اضلاع کے بورڈ بھی قائم ہیں اور ڈسٹرکٹ پلاننگ کمیٹیاں بھی ہیں - مشاورتی کمیٹیاں بھی ہیں - ہر کمیٹی کا کام الگ الگ نوعیت کا ہے - یہ کمیٹی فائیو ایر پلان مکمل ہوجائے تب بھی رہیگی اسکی نوعیت مستقلانہ ہے - اس کا تعلق چھوٹے چھوٹے یوجناؤں سے ہے - بڑے بڑے کاموں سے اسکا تعلق نہ رہیگا - اگر ہاؤز کی اجازت ہو تو بمبئی کے ایکٹ سنہ ۱۹۴۲ع کے الفاظ سنانا چاہتا ہوں -

"The Provincial Government shall constitute in each district a Board consisting......(*i*) the Collector, (*ii*) District Agricultural Officer, (*iii*) Divisional Soil Conservation Officer and (*iv*) such non-official persons not exceeding two as may be appointed by the Provincial Government."

اس لحاظ سے سنه ۱۹۴۲ع میں بمبئی نے اپنے اضلاع میں اس قسم کے بورڈ قائم کئے تھے یہاں حیدر آباد میں اوس وقت نه سہی آج ہم بنارہے ہیں تو ہم کو بھی اونکی تقلید کرنی چاہئے ۔ اس میں ترمیم یه بھی ہوسکتی ہے که مرکزی بورڈ کو اضلاع کے بورڈس کی نگرانی کا اختیار دیا جاسکتا ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں که مرکزی بورڈ کو اتنا وقت اور فرصت نه مل سکے که وہ اس کام کو کرے کیونکه اس میں جو حسب ذیل

Member of the Board of Revenue, Chief Engineer, and Chief Conservator of Forests.

ہیں ۔ شری گوپال راؤ کی جو ترمیم آئی ہے اسمیں یه کہا گیا ہے که ڈسٹرکٹ بورڈ کو یه حق دیا جائے که وہ دو تین ریپریزنٹیٹیوز اپنے بورڈ سے اوس بورڈ میں دیں ۔ میں سمجھتا ہوں که گوپال راؤ صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے وہ واجبی ہے ۔ اسکو قبول کرنا چاہئے ۔ شری اناجی راؤ کی ایک ترمیم ہے جسمیں انہوں نے کہا ہے که " مے " کی بجائے " شل " ہونا چاہئے ۔ میں سمجھتا ہوں که یه ایک واجبی ترمیم ہے اسکو قبول کرنا چاہئے ۔

Shri L. K. Shroff (Raichur): Mr. Speaker, Sir, I am not able to understand the propriety of the amendment moved by Shri Annajirao Gavane, which says:

"In line 1 of sub-clause (2) of Clause 3 of the Bill, for the word 'may' substitute the word 'shall'."

In Clause 3 of the Bill it is stated thus:

"The Government may, from time to time, on the advice of the Board, co-opt any other person to be a member of the Board for such period as the Government thinks fit."

Now, the question is of co-option and when co-option is allowed, it is common knowledge that it is left to the pleasure of the Committee or the Board which has been given the power of co-option. To say that the Board can co-opt and at the same time to say that it must co-opt is something that passes beyond reasoning. Of course, if the hon. Member wants that the person who is to be co-opted should be a self-cultivator, there is some meaning. That means, whenever

the Board co-opts a person he must be a self-cultivator. But to say that the Board may co-opt and at the same time to say that the Member who is co-opted will not have the right of voting, is something which will put the Member co-opted in a peculiar position and the Board also will be restricted in its purpose. So, I feel that the amendment seeking to substitute the word 'shall' in place of 'may' is rather out of place and out of order.

As regards the other amendments moved by different hon. Members, I feel that when we have accepted to constitute a Committee for a particular area, there is no necessity of having another Committee or a Board for a District. The hon. Members do not visualise a Central Board, but when there are so many committees for different areas, it is necessary that there should be a Central Board constituted, which would co-ordinate and pool together the activities of the different committees, so that there may not be any overlapping or wastage. Therefore, I am opposed to the amendments moved by Shri Gopalrao as well as Shri Annajirao Gavane.

Mr. Manikchand Pahade's amendment lays down that there should be " three members of the Legislative Assembly elected by the Hyderabad Legislative Assembly ". This amendment envisages that the persons elected should be Members of this Assembly only; it does not give room for the election of an expert on the subject, whom the Assembly might be having in view, but who may not be a member of this Assembly. I think, there should be certain laxity or rather certain flexibility in this amendment, so that if at any time the Assembly wants to elect a person who is not a Member of the Assembly, there should be room for it.

I hope my suggestion will receive due consideration.

شری بی - رام کشن راؤ - کلاز (۳) کے بارے میں جو امنڈمنٹس پیش ہوئے ہیں ان میں سے ہر ایک کے بارے میں مختصرطور پر عرض کرونگا - پہلے مانک چند پہاڑے کا امنڈ منٹ ہے - جسکے چار حصے ہیں اے - بی - سی - اور ڈی - اے کے ذریعہ انہوں نے یہ امنڈمنٹ پیش کیا ہے -

In line 3 of sub-clause (1) of Clause 3 of the Bill, between the words 'the' and 'land' insert the following word, namely-'Hyderabad'

اس کی وجہ سے اصل بل میں جو پراویژن ہے اس کا مقصد پوری طرح واضح ہوجاتا ہے۔ اور یہ امنڈمنٹ اس امر کو صاف کرتا ہے کہ لینڈ امپرومنٹ بورڈ جو بنایا جائیگا وہ پورے اسٹیٹ پر محیط ہوگا ۔ اس لئے انہوں نے الفاظ '' حیدر آباد ،، ایڈ (Add) کرنے کا جو سنشودھن دیا ہے اسکو میں قبول کرتا ہوں اور یہ ضروری بھی ہے - (بی) کے ذریعہ انہوں نے ایک لفظی ترمیم پیش کی ہے - بل میں ایز چیرمن (As chairman) کے الفاظ تھے ۔ غالباً آنریبل ممبر کا منشاء یہ ہے کہ چونکہ یہ الفاظ زیادہ قانونی معلوم نہیں ہوتے اس لئے انہوں نے ان الفاظ کی بجائے

" who shall be the Chairman of the Board"

کے الفاظ رکھے ہیں ۔ یہ لینگویج کا فرق ہے۔ اس لئے انہوں نے جو سجسٹ کیا ہے میں اسکو مناسب سمجھتا ہوں اس لئے میں اس امنڈ منٹ کو بھی قبول کرتا ہوں ۔ اسکے بعد امنڈ منٹ (سی) ہے ۔ جیسا کہ ابھی ایک آنریبل ممبر فرام رائچور شری یل ۔ کے ۔ شراف نے کہا میں اون کے امنڈمنٹ کی اسپرٹ کو قبول کرتا ہوں ۔ ایسا ہی امنڈمنٹ ایک دوسرے آنریبل ممبر شری کے ۔ اننت ریڈی کا بھی تھا لیکن انہوں نے اس کو موو نہیں کیا ۔ جیسا کہ کل بھی کہا گیا اور اب بھی کہا گیا یہ سجھایا جارہا ہے کہ جب بورڈ بنایا جانے والا ہوتو وہ بالکل آفیشیل نہ ہو۔ بلکہ اسمیں نان آفیشیل ممبرس بھی ہوں ۔ بمبئی میں جو اسکیم ہے وہ جداگانہ ہے ۔کسی بورڈ میں انہوں نے نان آفیشیل اسوسی ایشن کا تصور نہیں رکھا۔ لیکن یہاں عام طور پر یہ محسوس کیا جارہا ہے کہ اس سلسلہ میں نان آفیشیل ممبرس کو اسوسی ایٹ کیاجانا چاہئے۔ اس لئے میں اس امر کو تسلیم کرتاہوں کہ تین ممبر لیجسلیٹیو اسمبلی کے الکٹ ہو کر اس بورڈ میں آئیں ۔شری مانک چند پہاڑیے نے جو امنڈ منٹ پیش کیا ہے اس کا مطلب یہی ہے ۔کسی دوسرے آنریبل ممبر نے بھی ایک امنڈمنٹ پیش کیا ہے لیکن اسمیں ذرا فرق ہے ۔ بہرصورت میں اس امنڈمنٹ کو قبول کرنا چاہتا ہوں لیکن جو تین ممبرس چنے جائینگے وہ لیجسلیٹیو اسمبلی سے باہر کے ہونگے ۔ اسمبلی کے نہیں ۔ انہوں نے یہ امنڈمنٹ پیش کیا ہے ۔

'Three members of the Legislative Assembly, elected by the Hyderabad Legislative Assembly who shall be members of the Board.'

ان کا مطلب یہ ہے کہ جن تین ممبروں کو لیجسلیٹیو اسمبلی الکٹ کرے وہ اس ہاؤز کے ممبر بھی ہوں ۔ لیکن جیسا کہ آنریبل ممبر فرام رائچور نے بتلایا اس امرکو لیجسلیٹیو اسمبلی پر چھوڑنا چاہئے اور اوسکو اس کا ادھیکار ہونا چاہئے کہ چاہے تو اس بورڈ کی ممبرشپ کے لئے اپنے میں سے کسی کو الکٹ کرے یا مناسب سمجھے تو لینڈ امپرومنٹ بورڈ کے لئے باہر سے بھی لوگوں کو الکٹ کرے ۔ یہاں یہ زور دیا جارہا ہے کہ ممبرس کو اکچول اگریکلچرسٹ ہونا چاہئے ۔سلف کلٹیویٹر ہونا چاہئے اکسپرٹ ہونا چاہئے وغیرہ وغیرہ ۔ اس لئے میرا خیال یہ ہے کہ آنریبل ممبر آف دی ہاؤز کو اس کا ادھیکار

رهنا چاهئے که وه هاؤز کے ممبرس هی میں سے نه چنیں بلکه باهر کے جو اگریکلچرسٹس یعنی سلف کلٹیویٹرس اون کی نظر میں هیں اون کو بھی چنیں - کسی اکسپرٹ کو چنیں ایسے آدمی کو چنیں جو لینڈ امپروسنٹ کا تجربه رکھتا هو - تو میں مناسب یه سمجھتا هوں که بجائے اس سنشودهن کے یه سنشودهن کروں - گویا (سی) کے الفاظ یه رهینگے -

(*c*) At the end of sub-clause (1) of Clause 3 of the Bill, add the following para, namely—

" (*v*) Three persons elected by the Hyderabad Legislative Assembly who shall be the members of the Board.

Shri L. K. Shroff : Does the hon. chief Minister mean three persons elected by the Hyderabad Legislative Assembly shall be the members of the Board ?

Shri B. Ramakrishna Rao : Yes, It may be three persons elected by the Hyderabad Legislative Assembly who shall be the members of the Board. The clause ' who shall be the members of the Board ' will probably qualify all the categories, (*a*), (*b*) and (*c*). That is why, I wanted to have the wording ' three persons '. So, it will be three persons elected by the Hyderabad Legislative Assembly; and the clause ' who shall be the members of the Board ' will qualify all the categories, because the rest of the people will also be the members. The words ' Member, Board of Revenue,' who shall be the Chairman ' have already come in. The rest of the people along with the three persons elected by the Hyderabad Legislative Assembly will be the members of the Board. That is the meaning. Well, the wording can be looked into.

As I said, my amendment will read like this :

(*c*) At the end of sub-clause (1) of Clause 3 of the Bill, add the following para, namely—

" (*v*) Three persons elected by the Hyderabad Legislative Assembly who shall be the members of the Board."

I am, therefore, prepared to accept the amendment of Shri Manikchand Pahade with the modification mentioned above.

Mr. Speaker : Can outsiders be elected ?

Shri B. Ramakrishna Rao : Yes ; they can be elected. I want to leave that much scope to the Assembly. The

Assembly might be feeling that in certain cases people from outside the Assembly might better represent the interests of the agriculturists than themselves.

Mr. Speaker : It is a very wide scope.

Shri B. Ramakrishna Rao : It is possible that it may not be practicable. The members may, perhaps, feel very jealous of their own representative capacity, and may elect three persons from amongst themselves, but as far as I am concerned. I want to give scope for the hon. Members of this House to be generous as to elect even outsiders, say, from amongst the self-cultivators or the actual agriculturists.

شری بی - ڈی - دیشمکھ - کیا دستور کی روشنی میں ایسی کوئی اجازت هاؤز کو هے که باهر کے لوگوں کو اپنے نمائندوں کے طور پر منتخب کرے - جہاں تک میں غور کیا هوں اس میں اسکی اجازت نظر نہیں آتی -

مسٹر اسپیکر - ممانعت بھی نہیں ہے -

شری داور حسین (نظام آباد) - یه هاؤس الکٹورل کالج کے طور پر کام کریگا -

شری و نائك راؤ ودیا لنکار - کونسل آف اسٹیٹس کے لئے جہاں قوانین بنائے جاتے هیں هم یہاں سے (۱۶) آدمی چنکر بھیجتے هیں اسی طرح هم اس قانون میں ویسا بنائینگے تو یه اسمبلی تین آدمیوں کو چن سکیگی -

شری بی - ڈی - دیشمکھ - کانسٹی ٹیوشن آف انڈیا میں کونسل آف اسٹیٹس کے الکشن کے لئے قواعد هیں اور واضح سکشن هے لیکن یہاں ایسا سکشن نہیں هے -

مسٹر اسپیکر - یه سکشن آپ اب بنائینگے -

شری و نائك راؤ ودیالنکار - یہی عرض کررها هوں که کانسٹی ٹیوشن میں جیسا آرٹیکل هے ویسا هی ایک سکشن یہاں رکھا جائے تو یه اسمبلی باهر کے آدمیوں کو چن سکیگی -

شری جگنا تھ راؤ چنڈرکی (یادگیر - عام) - کونسل آف اسٹیٹس کی بات ایسی هے که چونکه اس هاؤز کے ممبر وهاں ریپریزنٹ نہیں کرسکتے اسلئے باهر کے آدمیوں کو الکٹ کرنے کا اختیار دیا گیا هے - لیکن یہاں ایسی بات نرالی هوگی - پہلے یه طے کرنا هوگا که آیا یه هاؤز باهر کے لوگوں کو الکٹ کرسکتا هے ؟

شری بی - ڈی - دیشمکھ - میں سمجھتا هوں که لا منسٹر اپنی رائے دیں تو بہتر هوگا -

